14-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ینگ انڈیا ریسیڈنشیل اسکولس کیلئے اندرون ایک ہفتہ اراضی کی نشاندہی کرنے کی عہدیداروں کو ہدایت دی۔

۲۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے مالیاتی اداروں پر زوردیا کہ وہ کسانوں تک اپنی امداد کا دائرہ وسیع کریں۔

۳۔ ریاستی وزیر آئی ٹی وصنعت سریدھر بابو نے مجوزہ لیدر پارکس کے لئے مرکزی امداد اور ظہیر آباد نمس پراجکٹ کیلئے زیرالتواء گرانٹ جاری کرنے کی مرکزی حکومت سے گزارش کی۔

اور

۴۔ اتراکھنڈ میں منعقدہ 38 ویں قومی کھیلوں کا آج اختتام ہوا۔ سرویس اسپورٹس کنٹرل بورڈ نے میڈلس کے حصول میں بازی ماری جبکہ مہاراشٹرا کو دوسرا مقام حاصل ہوا۔

Kishan Reddy:

مرکزی وزیر و بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے آج سنگاریڈی میں ایم ایل سی انتخابات کی تشہیری مہم میں حصہ لیا۔ انہوں نے ان انتخابات میں حصہ لے رہے بی جے پی امیدواروں کا تعارف کرایا۔ کریم نگر، نظام آباد، میدک، عادل آباد گریجویٹ ایم ایل سی سیٹ سے سی انجی ریڈی، کریم نگر، نظام آباد، میدک، عادل آباد ٹیچرس ایم ایل سی سیٹ سے ایم کومریا اور نلگنڈہ، ورنگل کھمم ٹیچرس ایم ایل سی سیٹ سے سروتّم ریڈی بی جے پی کے امیدوار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی تاریخ رہی ہے کہ پارٹی نے قانون ساز کونسل میں گریجویٹ کوٹہ سے موثر نمائندگی کی ہے اور عوام کی آواز کو اٹھایا ہے۔ کشن ریڈی نے سابق بی آر ایس حکومت پر کونسل کو کمزور کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس نے کانگریس لیڈروں کو شامل کرلیا تھا اور ٹیچروں، بے روزگاروں نوجوانوں اور گریجویٹس کی آواز کو دبایا تھا۔ کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی، اپنے انتخابی وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔

Bhatti:

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے مالیاتی اداروں پر زور دیا کہ وہ اپنی امداد کا دائرہ کار بڑھائیں۔حیدرآباد کے بیگم پیٹ میں نبارڈ اسٹیٹ کریڈٹ سمینار سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاستی حکومت زرعی شعبے کو ترجیح دے رہی ہے اور کہا کہ ریاست نے دھان کی کاشت میں ملک بھر میں اعلیٰ پوزیشن حاصل کی ہے۔ وکرمارکا نے نبارڈ پر زور دیا کہ وہ ڈرپ اریگیشن اور پالم آئیل کی کاشت کے فروغ کے لئے اپنا تعاون فراہم کرے۔ نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ تلنگانہ میں 29 لاکھ زرعی پمپ سٹس ہیں اور تجویز پیش کی کہ اگر انہیں سولار نظام کے تحت تبدیل کیا جائے تو اس سے ریاست کو کافی فائدہ پہنچے گا۔انہوں نے اِس بات کا اعادہ کیا کہ حکومت پائیدار ترقی صاف توانائی پالیسی ،قابل تجدید توانائی میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری،سولار پارکس کا قیام اور پمپ اسٹوریج پراجکٹس پر توجہ مرکوز کررہی ہے۔بھٹی وکرامارکہ نے نبارڈ پر زور دیا کہ وہ قابل تجدید توانائی پراجکٹس کے لئے اپنی مالی امداد میں اضافہ کرے کیونکہ ریاست کے توانائی کے اہداف کو پورا کرنے میں مختص کردہ 70 کروڑ روپے ناکافی ہورہے ہیں۔ اِس موقع پر ریاستی وزیر زراعت ٹی ناگیشور راو نے کہا کہ حکومت زرعی شعبہ کی ترقی کے عہد کی پابند ہے۔انہوں نے ملک میں زرعی شعبہ میں تلنگانہ کے نمایاں مقام کا حوالہ دیتے ہوئے بینکوں پر زور دیا کہ وہ پام آئیل اور دیگر فصلوں کے لئے اپنا تعاون وسیع کرے۔انہوں نے برآمدات اور ذخیرہ اندوزی مراکز کے لئے بھی مالی مدد کی ضرورت پر زور دیا۔

YOUNG INDIA:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ ریاست میں ینگ انڈیا ریسیڈنشیل اسکولس کے قیام کے عمل میں تیزی لائی جائے۔ ریاستی سکریٹریٹ میں آج محکمہ تعلیم کے عہدیداروں کے ساتھ منعقدہ ایک جائزہ اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ نے انہیں ہر حلقہ میں مجوزہ اسکول کے لئے زمین حاصل کرنے کے کاموں میں تیزی لانے پر زور دیا اور کہا کہ پہلے سے حاصل شدہ سائٹس کے لئے اجازت پہلے دے دی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ نے ضلع کلکٹروں کو ہدایت دی کہ وہ فیلڈ ویزٹ کرتے ہوئے ایک ہفتہ کے اندر اراضی کی نشاندہی کریں۔ ریاستی حکومت

دوسال کے اندر 105 حلقوں میں انفرااسٹرکچر ڈیولپمنٹ کی تکمیل کا منصوبہ رکھتی ہے۔وزیراعلیٰ نے ویرناری چکلی ایلماں ویمنس یونیورسٹی میں جدیداوراعلیٰ معیار کے انفرااسٹرکچر پر زور دیا۔وزیراعلیٰ نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ پلے گراؤنڈس،اکیڈیمک بلاکس اور دیگر مراکز کے لئے منصوبہ تیار کریں۔

ENERGY WEEK END:

انڈیا انرجی ویک 2025ء یشو بھومی نئی دہلی میں آج اختتام پذیر ہورہا ہے۔چارروزہ ایونٹ کا وزیراعظم نریندر مودی نے اس مہینہ کی 11 تاریخ کو ورچولی افتتاح کیا تھا۔یہ ایونٹ وزارتی اور سی ای او سطح کی شراکت داری، نمائش کے مقام اور سیشنس کی تعداد کے حساب سے دنیا کا دوسراسب سے بڑاتوانائی کا ایونٹ رہا ہے۔اس ایونٹ کے دوران 120 مما لک سے تقریباً70 ہزار مندوبین اور 700 سے زیادہ نمائش منعقد کرنے والوں نے شرکت کی۔ امریکہ، برطانیہ، ناروے، فرانس، روس، جاپان سمیت 10 مما لک کے پویلین بھی اس میں شامل تھے۔

SRIDHAR BABU:

ریاستی وزیر آئی ٹی وصنعت سریدھر بابو نے آج مرکزی وزیر کامرس پیوش گوئل سے ملاقات کی۔اس دوران ریاستی وزیر نے مجوزہ لیدر پارکس کے لئے مرکزی امداد اور ظہیرآباد نمس پراجکٹ کے لئے زیرالتواء گرانٹ جاری کرنے کی گزارش کی۔اس ملاقات کے دوران سریدھر بابو نے اس مہینہ کی 26 تاریخ کو حیدرآباد میں منعقد ہونے والے بائیوایشیاء 2025ء ایونٹ کے لئے پیوش گوئل کو مدعو کیا۔سرکاری بیان کے مطابق مرکزی وزیر نے اس ایونٹ میں شرکت کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ملاقات کے دوران سریدھر بابو نے بتایا کہ ریاستی حکومت کریم نگر ضلع کے رکماپور گاؤں اور جنگاؤں ضلع کے اسٹیشن گھن پور گاؤں میں میگھا لیدر پارک قائم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔انہوں نے مذکورہ پارکس کے لئے سی ای ٹی پیز اور انفرااسٹرکچر ڈیولپمنٹ کے لئے محکمہ انڈسٹریل پروموشن پالیسس سے تعاون طلب کیا ہے۔

SERP:

دیہی علاقوں میں غربت کے خاتمہ کے لئے کام کررہی سوسائٹی کی سی ای او دویا دیواراجن نے کہا کہ انسان کی اسمگلنگ پراسی وقت مکمل طور پر روک لگ سکتی ہے جب پورا معاشرہ اس کے تدارک کے لئے اپنا کردارادا کرے

گا۔ دیویا دیوارا جن نے ڈاکٹر ایم سی آر ایچ آر ڈی، حیدرآباد میں انسانی اسمگلنگ کے موضوع پر منعقدہ ریاستی سطح کے دوروزہ پروگرام سے خطاب کیا۔ پرجوالا والینٹیر آرگنائزیشن اور تلنگانہ رورل پاورٹی الیویشن آرگنائزیشن کی جانب سے اس پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ دیویا نے اپنے خطاب میں کہا کہ انسانی اسمگلنگ کا مسئلہ دنیا بھر میں تیزی سے پھیل رہا ہے، جس میں زیادہ تر متوسط اور غریب طبقہ کی خواتین ولڑکیاں متاثر ہوتی ہیں۔ انہوں نے ایس ای آر پی اور خواتین تنظیموں کے رول کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایسے معاملہ میں بیداری پیدا کریں اور اسکولی طلبہ کو اس سے واقف کروائیں۔ پرجوالا تنظیم کی بانی پدم شری سنیتا کرشنن نے کہا کہ وقت رہتے اس پر کام کیا گیا تو انسانی اسمگلنگ کے مسئلہ پر قابو پانے میں مدد مل سکتی ہے۔

CONGRESS:

کانگریس پارٹی نے آج گاندھی بھون حیدرآباد میں اپنے پارٹی دفتر پر حال ہی میں منعقدہ بی سی سروے کی رپورٹ پر پاور پوائنٹ پرزینٹیشن دیا۔ نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے پاور پوائنٹ پرزینٹیشن دیتے ہوئے اِس سروے کے تعلق سے وضاحتیں پیش کیں۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور پارٹی کی سینئر لیڈر دیپا داس منشی سمیت ریاستی وزرا موجود تھے۔ پاور پوائنٹ پرزینٹیشن میں مختلف طبقات کی تقسیم کے عمل اور ان پر ہونے والے اثرات پر توجہ مرکوز کی گئی۔ واضح رہے کہ بی سی سروے پر سیاسی پارٹیوں نے ہنگامہ کیا اور ہنگامہ کیا کہ ریاستی حکومت مناسب طریقہ سے سروے کرنے میں ناکام رہی ہے۔

NATIONAL GAMES - CLOSING:

اتراکھنڈ میں منعقدہ 38 ویں قومی کھیلوں کا آج اختتام ہوا۔ اتراکھنڈ کے ہلدوانی میں انٹرنیشنل اسپورٹس کمپلیکس میں اختتامی تقریب منعقد کی گئی۔ 17 روزہ ایونٹ کے دوران سرویس اسپورٹس کنٹرل بورڈ نے میڈلس کے حصول میں بازی ماری۔ بورڈ نے گزشتہ 6 ایڈیشنس میں پانچویں مرتبہ کامیابی حاصل کی ہے۔ بورڈ نے 68 گولڈ، 26 سلور اور 27 برانز میڈلس حاصل کئے۔ 54 گولڈ، 71 سلور اور 72 برانز میڈلس کے ساتھ مہاراشٹرا دوسرے مقام پر رہا جبکہ ہریانہ نے 48 گولڈ، 47 سلور اور 58 برانز میڈلس کے ساتھ تیسرا مقام حاصل کیا۔ اختتامی تقریب میں مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ مہمان خصوصی تھے۔ اس تقریب میں دیگر سرکردہ شخصیات نے بھی شرکت کی۔

Central Govt. Scheme

مرکزی حکومت کی مختلف اسکیموں سے لوگ بھرپور طریقہ سے استفادہ کررہے ہیں۔اوجول یوجنا کے تحت لوگوں کی زندگیوں میں آسانیاں پیدا ہوئی ہیں۔ریاست تلنگانہ کے کھمم ضلع کے کئی استفادہ کنندگان نے مرکزی حکومت کی اس اسکیم کی ستائش کی اور کہا کہ انہیں اس سے بہت فائدہ مل رہا ہے۔مرکزی حکومت کی روزگار سے جڑی اسکیم سے بھی مستحق افراد استفادہ کررہے ہیں۔

NPDCL

ناردن پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی آف تلنگانہ لمیٹڈ (این پی ڈی سی ایل) اب سولار توانائی کی پیداوار کرے گی۔ ریاست میں یہ پہلا موقع ہے کہ کوئی ٹرانس میشن کمپنی بجلی کی پیداوار کرے گی۔روایتی توانائی کے ذرائع پر انحصار کو کم کرتے ہوئے اور قابل تجدید توانائی میں اضافہ کرتے ہوئے این پی ڈی سی ایل نے سولار یونٹس قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔